www.KitaboSunnat.com

جلد اوّل [illegible] ہے جس میں کتاب کے پہلے [illegible] حصے شامل ہیں اور اس میں ۱۸۰ افراد کا تذکرہ ہے۔ مترجم مفتی محمود عالم ہاشمی نے آغاز کتاب میں [illegible] کی علمی خدمات پر دقیع مضمون لکھا ہے جس سے کتاب کی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے۔ [illegible] اور [illegible] ہے [illegible] معلومات افزا ہیں۔

اس کتاب کا ہر باذوق شخص کی لائبریری کی زینت کا [illegible] ضروری ہے۔ اعلیٰ کتابت و طباعت اور مضبوط و خوبصورت جلد کے پیش نظر قیمت واجبی ہے۔ ایسی کتابوں کی نکاسی از ذوق خریداری ہی علم کی سرپرستی ہے اور اہل علم کے تعاون ہی سے ناشرین اعلیٰ معیار کی کتابیں پیش کر سکتے ہیں۔

ابھی سے راہِ محبت کی مشکلات نہ پوچھ!

عبدالرحمٰن عاجز مالیر کوٹلوی

دلِ حزیں پہ گزرتی ہے کیا یہ بات نہ پوچھ
تو حالِ زار مرا دیکھ، واقعات نہ پوچھ

نگاہِ غور سے اس حشرِ کائنات کو دیکھ
وجودِ باری پہ آیات بیّنات نہ پوچھ

بس ایک جلوے سے بیہوش ہو گئے موسیٰ
خدا کے نورِ مبیں کی تجلیات نہ پوچھ

مثالِ برف کبھی کا پگھل چکا ہے شباب
میں اب بھی دل میں مرے کتنی خواہشات نہ پوچھ

بشر وہی ہے کہ ہے جس کے دل میں خوفِ خدا
تو پوچھ نام نہ اس کا تو اس کی ذات نہ پوچھ

قدم قدم پہ خطا تھی، نفس نفس میں گناہ
بڑھاپے میں تو جوانی کے حادثات نہ پوچھ

ہے تذکرۂ وقبر و قیامت کا سامنا جن کو
مرے عزیز تو ان کے تفکرات نہ پوچھ

ابھی تو منزلِ مقصود ہے بہت آگے
ابھی سے راہِ محبت کی مشکلات نہ پوچھ

خدا کا شکر ہے جس حال میں ہوں اچھا ہوں
گزر رہی ہے یہ کس رنگ سے حیات نہ پوچھ

زباں پہ حرفِ شکایت ہے نہ افسوس
دلوں میں کتنے نہاں ہیں کدورات نہ پوچھ

مریضِ عشق ہوں جیتی ہوں کہ سیرِ ہوس و ہوس
تو اپنی بات نہ کر میرے واردات نہ پوچھ

جوابِ کعبہ [illegible] ہے باہر برس!
خدائے پاک کی مجھ پہ نوازشات نہ پوچھ

زمیں پہ [illegible] ہے
تو اس فضائے حسیں کے مشاہدات نہ پوچھ

[illegible] سیہ تر ہے
تو دیکھ اپنا کرم اس کے سیئات نہ پوچھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ